**Model Paper**

# اردو لازمی (نیا کورس)

**Inter Part-I**
**(Fresh/Reappear)**

نوٹ:- سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

## سیکشن (ب)

نمبر: ۵۰

سوال-II درج ذیل میں سے دس (10) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جُزو کے پانچ نمبر ہیں۔

(۱) جان اسٹیورٹ مل (John Stewart Mill) کے قول کا مفہوم بیان کریں۔
(۲) مولوی ذکاءاللہ کے خیال میں کس قسم کے لوگ اپنا نام صلح کُل رکھ لیتے ہیں؟
(۳) تقسیم بنگال کا فیصلہ کیوں واپس لے لیا گیا؟
(۴) قومیت کے مسئلے کو واضح کرنے کیلئے ڈاکٹر سید عبداللہ نے جس تشبیہہ کا سہارا لیا ہے اسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔
(۵) ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔ ازل، حوادث، تہذیب، قدامت، شاہکار
(۶) آبادی کے دباؤ کی کتنی قسمیں ہیں؟ وضاحت کریں۔
(۷) سبق "داروغہ جی کی پانچوں گھی میں اور سر کڑاہی میں" کے تمام کرداروں کے نام لکھیں۔
(۸) عالیہ کے کردار پر نوٹ لکھیں۔
(۹) سبق "خوبصورت بلا" کا خلاصہ تحریر کریں۔
(۱۰) وکٹوریہ والا مولوی صاحب سے کیوں جھگڑ رہا تھا؟ وضاحت کریں۔
(۱۱) ابنِ انشاء کی پانچ تصانیف کے نام تحریر کریں۔
(۱۲) روم کے بارے میں مصنف نے ہمیں کیا معلومات فراہم کی ہیں؟
(۱۳) نظم "امید" میں شاعر نے مسلمانوں کی جس طرح ہمت بندھائی ہے اسے اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

## سیکشن (ج)

نمبر: ۳۰

سوال-III درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جز کی سیاق وسباق اور متن کے حوالے سے تشریح کریں۔ 10

(الف) بعض بھلے مانسوں کو ہم دیکھتے ہیں کہ جھوٹ بولنے سننے کی بیماری ان کے پیچھے لگی ہوتی ہے۔ اپنے تشخص و تعلی کی داستانیں نثر میں ایسی ہی گھڑا کرتے ہیں، جیسے کوئی شاعر اشعار میں جھوٹا مضمون گانٹھتا ہے۔ اگر یہ عیب نہ ہو تو پھر ان کے بے عیب ہونے میں کچھ شبہہ نہیں رہتا۔

(ب) اس منزل پر پہنچ کر دو سوال ہمارے سامنے آتے ہیں۔ جو بعض اوقات بڑے پریشان کن ثابت ہوتے ہیں۔ ایک سوال تو یہ ہے کہ جب اسلام میں جیسا کہ اقبال نے کہا ہے۔ وطن پرستی کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا گیا، تو پھر قومیت کے جغرافیائی تخیل کو ہم اسلامی تخیل کے ساتھ ساتھ کس طرح اپنا سکتے ہیں؟

سوال-IV درج ذیل اجزاء میں کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔ 10

(الف)
بے روزگاری نے یہ دکھائی ہے مفلسی
کوٹھے کی چھت نہیں ہے یہ چھائی ہے مفلسی
دیوار و در کے بیچ سمائی ہے مفلسی
ہر گھر میں اس طرح سے بھر آئی ہے مفلسی

(ب)
اخلاص دل سے چاہیئے سجدہ نماز میں
بے فائدہ ہے ورنہ جویوں وقت کھوئیے
کس طور آنسوؤں میں نہاتے ہیں غم کشاں
اس آبِ گرم میں تو نہ انگلی ڈبوئیے

سوال-V کالج کے پرنسپل کو کالج میگزین جاری کرنے کیلئے درخواست لکھیں۔ 5

یا

دکاندار اور گاہک کے مابین مہنگائی کے حوالے سے "مکالمہ" لکھیں۔

سوال-VI ایک کتاب کی "آپ بیتی" لکھیں۔ 5

Result.pk